2024

USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM
UPSS
Shaping the leaders of Ummah

افکارِ عثمان

35 YEARS OF EDUCATIONAL EXCELLENCE
تعمیر کردار سے تعمیر جہاں

NEWSLETTER
CAMPUS-03

USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM

usman.edu.pk | usmanschool | usmanpublicschoolsystem

پیغام

عزیز طالبات

السّلام علیکم و رحمۃ اللہ

تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں جس نے ہمیں توفیق دی اور ایسی صلاحیتیں عطا کیں کہ ہم اس کے پیغام کو پوری دنیا تک پہنچاسکیں ۔ "اقراء "اس امت کے لیے نازل ہونے والا پہلا لفظ ، پہلی آسمانی ہدایت جس پر دنیا اور آخرت کی کامیابی کا دارومدار ہے ۔ اس پر فتن دور میں جبکہ امت مسلمہ ہر جانب سے دشمنوں کی سازشوں اور جبر کا شکار ہے بالخصوص فلسطین کے مسلمان جن حالات سے گزر رہے ہیں ایسے میں ہماری ذمہ داری ہے کہ دنیا میں اسلام کے نظام کے عملی نفاذ کے لیے کوششیں کریں دنیا میں انسانوں کو انسانوں کے ظلم سے بچانے کا واحد راستہ یہی ہے کہ دنیا کی زمام کار نیک لوگوں کے ہاتھ میں دی جائے نیز پوری دنیا کی بھلائی اسی میں ہے کہ وہ خالق حقیقی کے بتائے گئے طریقے کو اپنائے۔

اس عظیم ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ضروری ہے تاکہ دورِ حاضر کے چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکے ۔ بحیثیت عثمانیز آپ کی یہ کاوش لائق تحسین ہے ۔ قلم کی طاقت بہت بڑی طاقت ہے اس ملک ، قوم اور امت کا مستقبل آپ جیسے محنتی طلبہ سے وابستہ ہے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و مددگار ہو آمین ۔

والسّلام

پرنسپل کیمپس 3

افکارِ عثمان

عثمان پبلک اسکول سسٹم شاخ سوم

نمبر شمار	عنوانات	طالبات کے نام	جماعت/سیکشن
1	اداریہ		
2	القرآن	نمیرہ ریحان	نہم ج
3	آپ بیتی (گھر)	ابیہا نادر	ہفتم الف
4	آپ بیتی (پانی)	عائشہ صلاح الدین	ہفتم الف
5	لطائف	زینب احمد	ہشتم الف
6	پہیلیاں	ایمن یوسف	ہشتم الف
7	لیا جائے گا تجھ سے کام	قانتہ تبسم	ششم ب
8	کلنا فداک یا اقصیٰ	منیبہ عبید	ہفتم الف
9	فلسطینی بچے کی پکار (نظم)	زینب شہزاد	ہفتم ب
10	دوستی	ہانیہ عمر	پنجم ب
11	مہنگائی بڑھاؤ (نظم)	شانزے خان	ہفتم ب
12	آیا موسم سردی کا (نظم)	سنعیہ خان	ہفتم الف
13	قرآن (نظم)	عیشل ذیشان	ہشتم الف
14	ماں (نظم)	وریشہ فاطمہ	ہشتم الف
15	میں انمول ہوں	مرحا فاطمہ	سوم ب
16	اردو ہے میرا نام (نظم)	افراح احتشام	ششم ب
17	مسئلہ فلسطین اور اتحاد بین المسلمین	فاطمۃالزہرہ، سارہ عبید	دو از دہم
18	بے تاب (نظم)	فاطمۃالزہرہ سرفراز	دو ازدہم الف
19	بین المدارس مباحثہ	بریعہ عبید	جماعت دہم ب
20	لہو میں ڈوبا فلسطین	مریم خان	ہفتم ب
21	ہم نے عید کیسے منائی؟	زنیرہ احمد	پنجم
22	عشرہ اقبال	مسفرہ عدنان	دہم
23	صورت کہسار! میری عظیم امی جی	عائشہ طارق	یازدہم ب

اداریہ

الحمد للہ حسب روایت امسال بھی عثمان پبلک اسکول شاخ سوم کے مجلّہ افکار عثمان کا اجراء کیا جارہا ہے۔یہ مجلّہ شاخ سوم کی طالبات کی سالانہ علمی اور ہم نصابی سرگرمیوں کا غماز ہے۔طالبات عزم جواں کی تصویریں ہیں کیونکہ نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں اور نوجوانوں کو صحیح راہ دکھانے اور بلند نصب العین اختیار کرنے کے لئے تعلیم بہت اہم کردار ادا کرتی ہے اللہ تعا لٰی نے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ علم کی بنیاد پر ہی دیا ہے ۔

بیت المقدس کی زمین اہل کتاب کے لیے اہم ہے تینوں مذاہب اپنے نظریے کے مطابق اس جگہ کی تقدیس کو سمجھتے ہیں اس کے حصول کی خاطر کبھی صلیبی جنگیں لڑی گئیں تو کبھی اعلان بالفور جیسا معاہدہ سامنے آیا۔اس وقت ملت اسلامیہ تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہی ہے۔ فلسطین کے مسلمان اپنے لہو سے جذبہ ایمانی ،شوق شہادت اور دور صحابہ کی تاریخ رقم کر رہے ہیں۔مسجد اقصیٰ صیہونیوں کے قبضہ میں ہے اور عالمی طاقتوں کی پشت پناہی میں فلسطین کے مسلمانوں کی نسل کشی ہورہی ہے۔امریکہ اور اسرائیل کا ناپاک گٹھ جوڑ مسجد اقصیٰ کی پامالی کے مذموم منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ہمہ تن کوشاں ہے۔ان حالات میں بیت المقدس کی حفاظت اور مسجد اقصیٰ کی حرمت مسلمانوں کے لیےسب سے اہم ہے ۔نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعلیمات کو پیش نظر رکھتے ہوئے حماس نے جرأت و حمیت کا مظاہرہ کیا ہےاب امت مسلمہ کا فرض ہے کہ ان کا ساتھ دے اور جہاد فی سبیل اللہ کے جذبے کو تقویت پہنچائے۔ مسلم بھائی چارے کے طور پر اپنے زخمی بھائیوں کی مدد کرے اور ایک جسم بن کر کفار عالم پر مثل برق حملہ آور ہو اس مسئلے کو جلداز جلد اختتام پذیر کرانے کی کوشش کرے اقتصادی ،عسکری اور معاشی امداد لازماً پہنچائے اور عام لوگوں میں اس معاملے کے بارے میں شعور اجاگر کرے لیکن حالات اس کے برعکس ہیں ملت بیضا اسرائیل کو ناجائز ریاست قرار دینے کے بجائے تسلیم کر کے اس کے ساتھ تجارت فرما رہی ہے ان کی بنائی ہوئی اشیاء کا بائیکاٹ کرنے سے ہچکچا رہی ہے تو کہیں خاموش تماشائی بنی چور نظروں سے امریکہ کو دیکھ رہی ہے۔

عثمان پبلک اسکول ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہے جس کا مقصد امت مسلمہ کے لیے بہترین قیادت پیدا کرنا ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے بھرپور کاوش جاری ہے۔ہماری دعا ہے کہ ہمارے طلبہ و طالبات فلسطینی مسلمانوں کی امداد و تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور امریکہ اور اسرائیل کامعاشی اور سیاسی بائیکاٹ کریں۔

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

القرآن

اور اپنے پروردگار کی بخشش اور اس بہشت کی طرف دوڑو جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کے برابر ہے اور جو پرہیزگاروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ جو آسودگی اور تنگی میں اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور غصے کو روکتے اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں۔ اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے۔

اور وہ کہ جب کوئی کھلا گناہ یا اپنے حق میں کوئی اور برائی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہ بخش بھی کون سکتا ہے؟ اور جان بوجھ کر اپنے افعال پر اڑے نہیں رہتے۔ ایسے ہی لوگوں کا صلہ انکے پروردگار کی طرف سے بخشش اور باغ ہیں۔ جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ بستے رہیں گے۔ اور اچھے کام کرنے والوں کا بدلہ بہت اچھا ہے۔

(سورہ آل عمران:133 تا 136)

آپ بیتی (گھر)

السلام ُ علیکم

میں ایک بہت اہم چیز ہوں۔ مجھ میں لوگ اٹھتے ،بیٹھتے، سوتے جاگتے اور ہاں کھاتے پیتے بھی ہیں سوچیئے میں کون ہوں ؟ ہاں صحیح پہچانا میں آپ کا پیارا گھر ہوں۔

میں انسانوں کے لیے بہت ضروری ہوں میں نہ ہوں تو لوگ کہاں جائیں گے ۔ لوگ مجھے دو یا تین منزل کا بناتے ہیں مجھ پر الگ الگ رنگ کروا تے ہیں اور اچھی اچھی چیزوں سے سجاتے ہیں۔ جب میں نیا نیا بنتا ہوں تو خاندان کے لوگ مجھے دیکھنے آتے ہیں اور میری تعریف بھی کرتے ہیں۔ مجھے بہت خوشی ہوتی ہے میرے ہر حصے میں یہ چار چیزیں ضروری ہوتی ہیں ۔ باورچی خانہ، غسل خانہ،دو سے تین کمرے اورمہمان خانہ اور امیر لوگ تو مجھ میں باغ اور سوئمنگ پول بھی بنواتے ہیں ۔ بس میری آپ سے چھوٹی سی گزارش ہے کہ جب مجھ پر رنگ کروائیں تو اس کا خیال بھی رکھیں کہ بچے قلم یا پنسل وغیرہ سے مجھے گندا نہ کریں اور میرے فرش پر آرام سے چلا کریں اور اپنا غصہ میری دیوار پر نہ اتارا کریں ۔شکریہ

(ایمہا نادر ۔ جماعت : ہفتم الف)

پانی کی آپ بیتی

میں اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہوں۔ میں مائع اور ٹھوس دونوں صورتوں میں پایا جاتا ہوں ۔ میرے بغیر انسان ، حیوان ،چرند ، پرند حتیٰ کہ درخت اور کھیت کھلیان بھی زندہ نہیں رہ سکتے۔ پہچانیے میں کون ہوں؟ جی ہاں ! میں اللہ کی عظیم نعمت پانی ہوں ۔ میں ایک ایسی نعمت ہوں جس کے بغیر کسی جاندار کا زندہ رہنا ناممکن ہے۔ میں دھرتی کے تین حصوں میں ہوتا ہوں میرے باعث ماحول میں نمی رہتی ہے ۔میری بدولت درخت اور کھیت کھلیاں سر سبز و شاداب رہتے ہیں ۔کسان مجھے زمین میں ڈال کر غلّہ اگاتے ہیں جس سے لوگوں کو خوراک ملتی ہے ۔ جب میں آسمان سے بارش کی صورت میں برستا ہوں تو لوگ مجھے اللہ کی رحمت کہتے ہیں ۔ میری ہی بدولت

بنجر زمین زرخیز ہو جاتی ہے ۔ دریا ، جھیلیں ، ندیاں میری ہی بدولت آباد ہیں ۔ خواہ سردی ہو یا گرمی میری ضرورت ہر موسم میں ہوتی ہے ۔ لیکن اس کے باوجود لوگ میری قدر نہیں کرتے ۔ ہر وقت مجھے ضائع کرتے ہیں کام کے دوران مجھے بہتا چھوڑ کے اپنے کاموں میں لگ جاتے ہیں ۔ جب میں بارش بن کر برستا ہوں تو مجھے ذخیرہ کرنے کا کوئی مناسب انتظام نہیں ہے جس کی وجہ سے میں ضائع ہو جاتا ہوں اور ضرورت مندوں کی ضرورت پوری نہیں کر پاتا ہوں ۔ کچھ لوگ میرے بہاؤ کے راستے میں کچرا ڈال دیتے ہیں جس کی وجہ سے میرا بہاؤاس راستے سے نہیں ہوتا اور میں مجبوراً سڑکوں پر نکل آتا ہوں اور گاڑیاں چلانے والوں کے لیے مشکلات کا باعث بنتا ہوں ۔ میری آپ تمام لوگوں سے التجا ہے کہ مجھے ضائع نہ کریں ۔ میری اہمیت کو سمجھیں کہیں ایسا نہ ہو کہ میں آپ لوگوں کے پاس سے بالکل ہی چلا جاؤں اور آپ لوگ مجھے یاد کرتے ہی رہ جائیں ۔

(عائشہ صلاح الدین ۔ جماعت : ہفتم الف)

لطیفے

استاد: مشہور جنگوں کے بارے میں بتاؤ

شاگرد: سر امی نے گھر کی باتیں باہر بتانے سے منع کیا ہے ۔

مجسٹریٹ: تم عدالت میں پانچویں مرتبہ آرہے ہو تمھیں شرم نہیں آتی۔

چور: اور آپ جو ہر روز آتے ہیں آپ کو تو شرم سے ڈوب جانا چاہیئے۔

استانی: عمر بتایئے اگر ملک سے پانی ختم ہو جائے تو کیا ہو گا؟

عمر: دودھ خالص ملنے لگے گا۔

(زینب احمد ۔ جماعت: ہشتم الف)

پہیلیاں

۔ اس نے سب کے کام سنوارے ورنہ ہوتے کورے سارے۔

۔ چلتا ہے تو تھکتا نہیں پَر ہیں لیکن اُڑتا نہیں ۔

۔ وہ کون سی چیز ہے جسے ٹھنڈا کر لو پر وہ گرم ہی کہلاتا ہے ۔

۔ وہ کون سی مچھلی ہے جو نہ انڈے دے سکتی ہے نہ تیر سکتی ہے ۔

۔وہ کون ہے جو خود تو اذان دیتا ہے لیکن نماز نہیں پڑھتا ۔

۔ وہ کون سی چیز ہے جسے آپ اندھیرے میں تو دیکھ سکتے ہیں لیکن روشنی میں نہیں ۔

۔ وہ کیا ہے جس کی آنکھیں نہیں لیکن پھر بھی روتا ہے اور اس کے پَر نہیں پھر بھی اُڑتا ہے ۔

۔وہ کیا ہے جسے صرف آپ دیکھ سکتے ہیں اور کوئی نہیں دیکھ سکتا ۔

۔ وہ کون سی چیز ہے جو انسان کو دو مرتبہ تو مفت ملتی ہے لیکن تیسری مرتبہ اسے خریدنی پڑتی ہے ۔

۔تین حروف سے بنتا ہوں بچوں کا میں ساتھی ہوں میری وجہ سے مار وہ کھائیں پھر بھی سدا سے باقی ہوں ۔

(ایمن یوسف ۔ جماعت : ہشتم الف)

لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

یہ ایک بہترین موقع ہے کہ میں اپنے مسلمان بھائیوں کو اس بات کی خبر دوں کہ ہر شخص بذاتِ خود اللہ کا نائب اور امت کا امام ہے کیوں کہ اسے امر باالمعروف اور نہی عن المنکر کی ذمہ داری دی گئی ہے ۔اگر ہمیں اللہ اور رسول ﷺ کی تعلیمات کے مطابق داعی اورامام بننا ہے تو اس بات کو ذہن نشین کرنا ہو گا کہ پوری مسلم امّت ایک جسم کی مانند ہے اگر اس کے ایک حصے کو تکلیف ہوتی ہے تو پورا جسم بے چین ہوتا ہےاور آج صورتحال یہ ہے کہ فلسطین میں ہر روز بمباری ہو رہی ہے لیکن پھر بھی وہ مسجدِ اقصیٰ جو ہمارا قبلۂ اوّل ہےاس کو بچانے کی جدو جہد میں لگے ہوئے ہیں ۔ ادھر ہمارے حکمرانوں کا حال یہ ہے کہ ان کی مدد تو دور کی بات ہے کسی قسم کا احتجاج اوربائیکاٹ کرنے کو بھی تیار نہیں ہیں میں اپنے حکمرانوں کے لیے یہ کہنا چاہوں گی کہ

هم مشرق کے مسکینوں کا دل مغرب میں جا اٹکا ہے
واں کنٹرسب بلوری ہیں یاں ایک پرانا مٹکا ہے
اس دور میں سب مٹ جائیں گےہاں ! باقی وہ رہ جائے گا
جو قائم اپنی راہ پہ ہے اور پکا اپنی ہٹ کا ہے

اب فلسطین ، شام اور برما جیسے دیگر ممالک کو ہمارے تعاون کی ضرورت ہے اگر ہمارے حکمرانوں کے دلوں میں خوفِ خدا یا احساسِ جواب دہی پیدا ہو جائے اور وہ حضرت عمر کے نقشِ قدم پر چلیں اور ان کی زندگی کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنا لیں تو امت مسلمہ کے ایک بہترین فرد اور اللہ کے نائب اور انصار اللہ کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مگر آج کے حکمرانوں کو پیسہ اُڑانے کے سوا کوئی کام نہیں ہے ۔ جبکہ حضرت عمر تو اچھے کھانوں اور دنیاوی لذتوں کے قریب بھی نہیں جاتے تھے اور سوچتے تھے کہ اگر میری رعایا میں کوئی بھوکا رہ گیا تو اس کے بارے میں روزِ قیامت اللہ کو کیا جواب دوں گا ۔ وہ راتوں کو سڑکوں پر گشت کرتے تھے اور دیکھتے تھے کہ کوئی بھوکا تو نہیں سو رہا اور ہمارے پیارے نبی ﷺ کی تعلیمات بھی یہی ہیں اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کر کے ہم دنیا اور آخرت میں سرخروہو سکتے ہیں، ان سارے احکامات پر عمل کر کے ہم فلسطین ، کشمیر اور برما جیسے ممالک کو آزاد کروا سکتے ہیں ۔

اٹھ کہ اب بزمِ جہاں کا اور ہی انداز ہے
مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے

(قانتہ تبسم ۔ جماعت : ششم ب)

کلنا فداک یا اقصیٰ

ایک گہرا سا منظر ، کچھ نیلی سی آنکھیں
وہ پھول سا چہرہ، وہ پیاری سی یادیں
میری امی ، میرے ابّو، میرے بھائی بہن
دفنائے ہیں میں نے ان سب کے لاشے
پوچھتا ہوں کیا بمباری ہو گی اب اور؟
کتنے شہید اٹھانے ہیں اور ؟
کتنی گودیں اجڑنی ہیں اور ؟
کیا آئے گا بھی میری مدد کو کوئی اور ؟
جواب آتا ہے ، ہاں ! حضرت مہدی حضرت مہدی

یہ نظم چند الفاظ کا مجموعہ نہیں ہے بلکہ جذبات اور شدتِ کرب میں ڈوبی ہوئی ہر فلسطینی کے دل کی آواز ہے جس کا مفہوم شاید ہم نہیں سمجھ سکتے ہیں کیو نکہ ہم وہ محسوس نہیں کر رہے جو وہ محسوس کر رہے ہیں ۔ یہ فلسطین ہمیشہ سے ایسا نہ تھا یہاں پر بھی کچھ صدیوں پہلے امن و سکون تھا ۔ اذانیں دی جاتی تھیں ،نمازیں ادا کی جاتی تھیں ۔ یہ انبیاء کا شہر تھا !! بلکہ نہیں شہر ہے ۔یہ شہر انبیاء کرام کی میراث ہے ۔ یہاں تمام مذاہب میں خصوصی اہمیت کی حامل وہ عالمگیر مسجد موجود ہے جہاں ہمارے پیارے نبی ﷺ نے تمام انبیاء کی امامت کرائی تھی لیکن وہ سب امن و سکون اب غارت ہو گیا اس کی وجہ صرف وہ خبر ہے جس نے 1948 میں تمام امتِ مسلمہ میں غم کی لہر دوڑا دی تھی وہ خبر کچھ اور نہیں یہ تھی کہ فلسطین کی سر زمین پر ناپاک ریاست اسرائیل کا قیام عمل میں آگیا ۔ لیکن صرف اس خبر سے پوری بات پتا نہیں چلتی۔

اگر ہم ماہ و سال کی الٹی گنتی گنیں تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ جنگِ عظیم اول کے بعد ہٹلر نے جب اس ناپاک یہو دی قوم کو جرمنی سے نکال کر با ہر کیا تھا تو یہ رحم دل فلسطینی ہی تھے جنھوں نے اپنی سر زمین میں انھیں جگہ دی تھی تھوڑا مزید پیچھے جائیں تو یہی وہ سر زمین تھی جسے سلطان صلاح الدین ایوبی نے فتح کر کے مسلمانوں کی دسترس میں دیا اب اہم مزید تاریخ کے کچھ اوراق پلٹتے ہیں تو ہمیں دکھائی دیتا ہے کہ مقدس شہر یرو شلم کی قلعہ بند دیواروں کے باہر اس کے حکمران فاتح فلسطین ابو عبیدہ بن جراح کے ساتھ کھڑے ہو کر کسی کا انتظار کر رہے ہیں کچھ دیر بعد خبر آتی ہے کہ جس شخص کا انتظار کیا جارہا تھا وہ اونٹ پر خادم کو بٹھا کر اونٹ کی مہر تھامے چلا آ رہاہے اس نے معمولی سا کھدر کا لباس پہنا ہوا ہے جس میں پیوند لگے ہیں ۔ یہ شخص خلیفۂ دوم امیر المومنین حضرت عمر فاروق تھے جن کے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ نے روم اور ایران فتح کروائے ماضی کے ان تمام واقعات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ فلسطین مسلمانوں کا تھا ، مسلمانوں کا ہے اورمسلمانوں کا ہی رہے گا (انشاء اللہ)۔

مگر وہ دن بھی امتِ مسلمہ کے لیے ایک سیاہ دن تھا جب 1967 میں عرب ممالک چھوٹے سے ملک اسرائیل سے ہار گئے جس کے بعد اسرائیل کی حدود میں اضافہ ہو گیا ۔ آج فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے اس سے پوری دنیا واقف ہے ۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ایک طرف وہ ماں ہے جو نومولود بچے کو دودھ نہ ہونے کے باعث کھجور چسا رہی ہے تو دوسری طرف وہ معصوم بچہ ہے جو کھانے کے لیے پتّے جمع کر رہا ہے ان سب حالات کا ذمہ دار ہم اپنے حکمرانوں کو ٹھہراتے ہیں ۔ عربوں کے پورے پورے اونٹ ذبح کر کے ضیافتیں اڑانے پر ہم انھیں شرم دلاتے ہیں پر خود کی طرف اٹھنے والی انگلی ہم نظر انداز کر دیتے ہیں ۔ ہم بھی شاید اتنے ہی ان حالات کے ذمہ دار ہیں جتنے کہ ہمارے حکمران ہم ہی وہ قوم ہیں جو ان نا اہل حکمرانوں کو ووٹ دے کر لاتے ہیں ۔ ہم ہی ہیں جو Mc donalds اور KFC کے ریستوران میں جاکر فخر سے کھاتے ہیں ہم ہی ہیں جو ان کی مصنوعات اپنے گھروں میں لوازمات بناتے ہیں کیا ہم قصور وار نہیں ہیں ہم کیوں ان پر ترس کھاتے ہیں جب ہم ان چیزوں کا بائیکاٹ نہیں کر سکتے انھیں ہمارے ترس کی نہیں ہماری غیرت کی ضرورت ہے جن پر ہمیں رحم آتا ہے وہ کوئی چھوٹی موٹی نہیں بلکہ دنیا کی بہادر اور نڈر فلسطینی قوم ہے ان کا بچہ بچہ سوشل میڈیا پر آنے سے نہیں گھبراتا وہ بے خوف ہو کر اسرائیلی درندے نیتن یاہو کو للکارتے ہیں اسے بتاتے ہیں کہ چاہے تم ہم پر دن رات بمباری کرو تم ہمیں ہمیشہ ثابت قدم اور ایمان پر مضبوطی سے جمے ہوئے پاؤ گے ۔ وہ لوگ بہت ہمت والے ہیں ان پُر آشوب دنوں میں بھی وہ شادیاں کرتے ہیں ، بچوں میں قرآن پاک کی تقریبات کراتے ہیں وہ لوگ ان حالات سے ذرہ برابر بھی نہیں گھبراتے ۔ ان کے بچے ان کے ماں باپ ان کے ڈاکٹرز " حسبنا اللہ ونعم الوکیل " اور " انا اللہ معنا " کہہ کر ڈٹ جاتے ہیں ۔

تیرے کا رواں اے قاتلوں ! مجھے راہ سے نہ ہٹا سکے
تیری جس قدر بھی ہوں کو ششیں تو کبھی نہ مجھ کو مٹا سکے
یہ غموں کی ہر اک بڑھتی لہر میرا حوصلہ نہ گھٹا سکے
میری سانس نہ تھمے جب تلک مجھے کلمہ حق نہ بھلا سکے

وہ تو شہید ہیں وہ تو سیدھا جنّت میں جائیں گے ہم تو گناہگار ہیں ہمارا کیا ہو گا ابھی بھی ہمارے پاس وقت ہے کہ فلسطین کی آزادی میں ہم جتنا حصہ ڈال سکتے ہیں ڈالیں ان کی آخرت تو سنور گئی ہے اپنی آخرت کو سدھاریں ۔ قیامت کے روز کہیں یہ نہ ہو کہ غزہ کے معصوم پھول ہمارے خلاف گواہی دیں گے کہ اے پروردگار! جب میں شدید تکلیف میں تھا اس وقت یہ اسرائیلی اشیاء استعمال کر رہے تھے اللہ ہمیں نیک ہدایت عطا فرمائے (آمین)

(منیبہ عبید ۔ جماعت : ہفتم الف)

فلسطینی بچے کی پکار

دنیا والوں سے پوچھتا ہوں کیوں مجھ کو یہ حق حاصل نہیں

کہ رہوں میں اپنے گھر میں جو اب میرا نہیں

کیوں جدا کیا گیا جبکہ میں بے قصور ہوں

میرا جرم تو اتنا ہے کہ میں مسلمان ہوں

نا امید ہونا تو کبھی سیکھا نہیں اپنی ماں سے

نا امید تو اب بھی نہیں ہوں میں امتِ مسلمہ سے

ڈھونڈتا ہوں میں فاروق کو ، ایوب کو کہ

کوئی تو فتح کرے گا فلسطین کو

روز دیکھتا ہوں اپنی ماؤں ، بہنوں کی لاشوں کو میں

روز سنتا ہوں معصوم بچوں کی پکار کو میں

دنیا والوں سے پوچھتا ہوں کیوں مجھ کو حق حاصل نہیں

کہ رہوں میں اپنے گھر میں ،جو اب میرا نہیں

(زینب شہزاد ۔ جماعت : ہفتم ب)

دوستی

کبھی رات کی پُر سکون فضا میں اڑتے بادلوں میں ٹھنڈی ہوا میں خاموشی سے کچھ دیر تک یہ سوچنا دوستی کیا ہے؟ کیسے ہوتی ہے ؟وجود میں خوبصورت ہے کتنی ، کتنی حسین ہے تاکہ تم اس کی اہمیت کا احساس کر سکو اس پر سوچ سکو اس کی قدر کر سکو ۔ دوستی وہی ہے جو چاند کو ستاروں سے ، سورج کو بادلوں سے اور پھولوں کو شبنم سے ہوتی ہے ۔ دوستی ایک پاکیزہ بندھن ہے ۔ کبھی یہ ظاہری طور پر تو ختم ہو جاتی ہے لیکن دل میں ہمیشہ رہتی ہے ۔ اگر کبھی کسی کو دوست بناؤ تو پہلے اس کا ایمان ، اخلاص اور اخلاق دیکھو ۔

(ہانیہ عمر ۔ جماعت : پنجم ب)

مہنگائی بڑھاؤ

مہنگائی پر مہنگائی بڑھاؤ تمھیں تو نشہ سا ہو گیا ہے
قیمتیں اور بڑھاؤ تمھیں تو نشہ سا ہو گیا ہے
پیٹرول کی قیمت جو بڑھی یکدم ،میرا بدن تو آگ بگولہ ہو گیا
جب گیس کو ہوا ہے گرانی کا عارضہ مجھے لگا کوئی دھاکہ سا ہو گیا
بیگن کے دام پوچھ کر ایسا لگا مجھے جیسے کہ عوام کا بھرتہ سا ہو گیا
سودا جو خریدنے کو منڈی میں جا گھسا واپس ہوا نو جواں تو بوڑھا سا ہو گیا
سینے پہ رعایا کہ یونہی مونگ دل گیا ، آئی ایم ایف کا بوجھ چلو اور بڑھ گیا

(شانزے خان ۔ جماعت ہفتم ب)

قرآن

فرصت ملے یا نہ ملے مجھے پڑھنا ضرور
دوں گا جواب تمھارے ہر سوال کا ضرور
وہ عرب کے خانہ بدوش جنھیں میں نے فاتح بنایا
اے نوع انساں مجھ سے راہ راست مانگنا ضرور
ایک بار ہاتھ لگا کہ دیکھو ملے گا دلی سکون ضرور
پہنچا دوں گا جنّت میں تم کو ضرور
دلواؤں گا تمھیں عذاب قبر اور دورخ سے نجات ضرور
اگر چاہتے ہو کامیابی قدم چومے تمھارے
تو مع ترجمہ مجھے پڑھنا ضرور
فرصت ملے یا نہ ملے مجھے پڑھنا ضرور
دوں گا جواب تمھارے ہر سوال کا ضرور

(عیشل ذیشان ۔ جماعت ہشتم الف)

آیا موسم سردی کا

سر سے پاؤں تک خود کو ڈھانپیں آیا موسم سردی کا
لیکن پھر بھی تھر تھر کانپیں آیا موسم سردی کا
پہلے دھوپ نکلتی تھی تو ہم اس سے گھبراتے تھے
گرمی سے بچنے کی خاطر پنکھے خوب چلاتے تھے
پنکھے کی اب فکر کسے ہے آیا موسم سردی کا
ہر کوئی سوئٹر، کوٹ چڑھائے آیا موسم سردی کا
مونگ پھلی اور حلوہ کھائے آیا موسم سردی کا
سورج بھی ہم سے شرمائے آیا موسم سردی کا
ہم سب مل کر مزے اڑائیں آیا موسم سردی کا

(سنیعہ خان ۔ جماعت ہفتم الف)

ماں

سب سے انوکھا سب سے نرالا
دنیا میں رشتہ ہے ماں کا پیارا
دکھ سکھ میں ہر دم مسکرائے
بچوں کو وہ ہر دم راحت پہنچائے
تپتی دھوپ میں ہے وہ سایہ
ہے بس چلتی پھرتی چھایا
قدرت کا انمول خزانہ
روشن جس سے سارا زمانہ
کبھی نہ ماں کے دل کو دکھانا
ہر دم اس کا مان بڑھانا

(وریشہ فاطمہ۔ جماعت ہشتم الف)

میں انمول ہوں

میں انمول ہوں ۔ میں انمول اس لیے ہوں کیونکہ میں قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہوں۔ میں پانچوں وقت کی نمازپڑھتی ہوں ۔مجھے دین کے بارے میں پڑھنے کا بہت شوق ہے ۔ میں عثمان پبلک اسکول میں پڑھتی ہوں ،جو ہمیں بہت اچھی باتیں سکھاتا ہے۔مجھے کتابیں پڑھنے کا بہت شوق ہے ۔ میں ہمیشہ اپنے بڑوں کا ادب کرتی ہوں اور ہر برائی سے بچنے کی کوشش کرتی ہوں ۔

الحمدللہ! میں مسلمان ہوں ۔

میں ابھی آٹھ سال کی ہوں ۔ مجھے بڑے ہوکر استانی بننا ہے ۔

مجھے گھومنے پھرنے کا بہت شوق ہے ۔ میرا پسندیدہ رنگ پیلاہے ۔ میری سب سے اچھی دوست لائبہ ہے ۔مجھے اپنی امی کے ہاتھ کا کھانا پسند ہے اسی لیے میں ان تمام خصوصیات کی وجہ سے ایک انمول لڑکی ہوں ۔امید ہے آپ کو میری انمول کہانی پسند آئی ہوگی۔

(مرحا فاطمہ۔ جماعت سوم ب)

اردو ہے میرا نام

میں ''میرؔ'' کی ہمراز
ہوں غالبؔ کی سہیلی
سوداؔ کے قصیدوں
نے میرا حسن بڑھایا
میں داغؔ کے آنگن میں کھلی بن کے
چنبیلی
غالبؔ نے بلندی کا سفر مجھ کو سکھایا
اقبالؔ نے آئینہ حق
مجھ کو دکھایا
اردو ہے میرا نام میں
خسرو کی پہیلی
چکبستؔ کی الفت
نے میرے خواب سنوارے
اکبرؔ نے رچائی میری بے رنگ ہتھیلی
کیوں مجھ کو بناتے ہو تعصب کا نشانہ
دیکھا تھا کبھی میں نے
بھی خوشیوں کا زمانہ
اردو ہے میرا نام میں خسرو کی پہیلی

اردو ہے میرا نام میں ''خسرو'' کی پہیلی
دکن کے ولیؔ نے مجھے گودی میں کھلایا
ہے میرؔ کی عظمت کہ مجھے چلنا سکھایا
اردو ہے میرا نام میں خسروؔ کی پہیلی
حالیؔ نے مروّت کا سبق یاد دلایا
مومنؔ نے سجائی میرے خوابوں کی حویلی
ہے ذوقؔ کی عظمت کہ دیے مجھ کو سہارے
فانیؔ نے سجائے میری پلکوں پہ ستارے
اردو ہے میرا نام میں خسروؔ کی پہیلی
میں نے تو کبھی خود کو مسلماں نہیں مانا
اپنے ہی وطن میں ہوں مگر آج اکیلی

(انتخاب: افراح احتشام ۔ جماعت : ششم ب)

مسئلہ فلسطین اور اتحاد بین المسلمین

زمانہ اب بھی نہیں جس کے سوز سے فارغ
میں جانتا ہوں وہ آتش ترے وجود میں ہے
تری دوا نہ جنیوا میں ہے، نہ لندن میں
فرنگ کی رگِ جاں پنجۂ یہود میں ہے
سُنا ہے میں نے، غلامی سے اُمتوں کی نجات
خودی کی پرورش و لذّت نمود میں ہے!

انبیاء کی سرزمین امامت معراج کے لیے چنی گئی جگہ اور مسلمانوں کا قبلہ اول جب ظلم و ستم اور قتل و غارت کے گھیرے میں آجائے تو خاموشی جرم بن جاتی ہے ۔تلوار چلانے والا ہاتھ اگر تب بھی نہ اٹھے تو اسے کاٹ دینا بہتر ہے قلموں کی نوکیں اگر سوکھ جائیں تو دوسرا قلم اٹھا لینا بہتر ہے ۔یہ وہ صورتحال ہے جس کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا'' :مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں اگر ایک حصہ میں درد ہوتا ہے تو پورا جسم اس کی شدت و تکلیف محسوس کرتا ہے۔'')الحدیث(

گزرے ہوئے 75 سالوں میں ہونے والے حالات و واقعات کی کہانی کچھ نئی نہیں اس بربریت کی داستان بہت پیچھے تک جاتی ہے بیت المقدس کی زمین تمام مذاہب کے پیرو کاروں کےلیے اہم ہے۔ اس کے حصول کی خاطر کبھی صلیبی جنگیں تو کبھی اعلان بالفور جیسے مناظر سامنے آتے ہیں ایسے میں مسلمانوں کا اس جگہ کی حفاظت اور خصوصاً مسجد اقصیٰ کی حرمت کا خیال سب سے اہم ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعلیمات کو پیش نظر رکھتے ہوئے حماس نے جرات و حمیت کا مظاہرہ کیا اب امت مسلمہ کا فرض ہے کہ ان کا ساتھ دے اور جہاد فی سبیل اللہ کے جذبے کو تقویت پہنچائے مسلم بھائی چارے کے لیے اپنے زخمی بھائیوں کی مدد کرے اور ایک جسم بن کر کفار عالم پر مثل برق حملہ آور ہو ں ۔اس مسئلے کے تصفیہ کے لیے کوششیں کی جائیں ۔اقتصادی، عسکری اور معاشی امداد لازما پہنچائے اور عام لوگوں میں اس معاملے کے بارے میں شعور پھیلائے لیکن حالات اس کے برعکس ہیں ملت بیضا اسرائیل کو ناجائز ریاست قرار دینے کے بجائے تسلیم کر کے اس کے ساتھ تجارت فرما رہی ہے ان کی بنائی ہوئی اشیاء کا بائیکاٹ کرنے سے ہچکچا رہی ہے تو کہیں خاموش تماشائی بنی چور نظروں سے امریکہ کو دیکھ رہی ہے

ایسی ہی صورتحال کے پیش نظر اقبال نے فرمایا

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے
ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات

اس صورتحال کے پیش نظر مسلم دنیا کی کیفیت آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑا مارنے کے مترادف ہے ۔آخرت میں جواب دہی تو ہوگی ہی اور ساتھ میں اقوام دنیا سے بزدلی و بے حسی کی سند وصول کی ہے لیکن الحمدللہ ایسی صورت میں بھی اللہ کی رحمت سے حماس اہل یہود پر قہر بن کر ٹوٹا ہے کہ امت مسلمہ میں ایک نئی لہر دوڑا دی بقول شاعر

اسلام کی فطرت میں قدرت نے لچک دی ہے
اتنا ہی یہ ابھرے گا جتنا کہ دبا دیں گے

سات اکتوبر 2023 طوفان الاقصیٰ آپریشن کی کامیابی اور اسرائیل کا جوابی حملہ خون مسلم میں ایک بار پھر نیا جوش و جذبہ ولولہ پیدا کر گئی جس نے لاکھوں معصوم جانوں، ننھے پھولوں اور کلیوں کو جنت کی طرف جام شہادت نوش کروا کر روانہ کر دیا قربانی جذبہ ایمان اور شہادتوں کی اور اہل یہود کے ظلم و جبر اور ناجائز قبضہ کی داستان نے ایک نیا رخ لیا جس نے دنیا میں ایک ولولہ اور جوش پیدا کر دیا آج اسی ایمان اور یقین نے فلسطینی مسلمانوں کے ان نذرانوں کو دنیا کے سامنے کھول کر واضح کر دیا ہے اور دنیا کے ہر کونے میں مسلمانوں یعنی اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے اب اس امر کی ضرورت ہے کہ مسلمان بحیثیت امت مسلمہ اپنی ذمہ داری کو پہچانیں اور کلمہ لا الہ الا اللہ کے رشتہ کی بنیاد پر اس امت کے دل یعنی بیت المقدس کو بچانے کے لیے اپنا تن من دھن سب قربان کرنے کے لیے ہر دم تیار رہیں آئیے اس داستان اہل ایمان و وفا میں ایک بار پھر حصہ کی تاریخ رقم کریں کیونکہ ہم نے رسم محبت کو زندہ کیا،زخم دل جیت کر نقد جاں ہار کرہم سے بزم شہادت کو رونق ملی،جانے کتنی تمناؤں کو مار کر

(فاطمۃالزہرہ ،سارہ عبید:جماعت دو ازدہم)

بے تاب

آؤ آزاد نظم کہتے ہیں آج
اپنی صلاحیتوں کو نکھارتے ہیں آج

دل کے دریچوں کو کھولتے ہیں
آج زخم سارے ہرے ، دھوتے ہیں آج

جب تک صبح کی سفیدی پھیلے
ہم اپنی نظر چوکنا رکھتے ہیں آج

آؤ دیکھیں زندگی مجاہد کی
خدا کے نظام پہ چلتے ہیں آج

نہیں ہے کوئی نعم البدل زمانے
میں سکون گھلاہے نمازِ فجر میں آج

ہے ممکن کہ کوئی دعا لے آئے
رنگ مگر اک سجدۂ شکر ادا ہو سحر میں آج

فاطمۃ الزہرہ بنتِ سرفراز۔جماعت
دواز دہم ۔ الف

بین المدارس مباحثہ

دن تھا جمعرات کا اور تاریخ تھی 18 جنوری ، صبح کے 10 بجے سے پہلے ہی نہم ،دہم ،گیارہویں اوربارہویں جماعت کی طالبات اسمبلی گراؤنڈ میں جمع ہونا شروع ہو چکی تھیں جہاں ہمارے اسکول کی انتظامیہ کی طرف سے بین المدارس مباحثہ کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں عثمان پبلک اسکول کی 11 شاخیں حصہ لے رہی تھیں ہمارے کیمپس یعنی کیمپس 3 کو اس مقابلے کی میزبانی کا موقع ملا اور بلا شبہ انتظامات دیکھنے سے تعلق رکھتے تھے اس بزم کو اتنے عالیشان طریقے سے سجایا گیا تھا کہ تمام شرکاء متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔

مقابلے کے لیے مختلف کیمپس کے شرکا اپنے کیمپس سے مکمل تیاری کے ساتھ آئے ہوئے تھے ہمارے کیمپس سے بھی اس مباحثہ کے لیے تین طالبات منتخب ہوئیں جن میں سےایک نے بطور قائد ایوان حصہ لیاجبکہ باقی دو میں سے ایک نے عنوان "جینے کے لیے سہولیات نہیں نظریے کی ضرورت ہے " کی حمایت میں تقریر کی جبکہ دوسری نے عنوان کی مخالفت میں اپنے دلائل پیش کیے بین المدارس مباحثہ قائد ایوان کی پرجوش تقریر اور حزب اختلاف کے پرزور دلائل کے ساتھ شروع ہوا۔بعد ازاں دیگر شرکاء مقابلہ نے بھی قرارداد کی حمایت اور مخالفت میں اپنے دلائل پیش کیے۔

مقابلے کے اختتام پر حافظ نعیم الرحمن کی اہلیہ ڈاکٹر شائلہ نعیم صاحبہ نے قرارداد کے دونوں پہلوؤں پر بات کی ۔قرارداد کو بھاری اکثریت سے منظور کرلیا گیا۔طالبات کو بڑی بے صبری سے نتیجے کا انتظار تھا، پھر منصفین نے نتائج کا اعلان کیا جس کے مطابق کیمپس 46 نےپہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ دوسری اور تیسری پوزیشن بالترتیب کیمپس 3 اور 14 کو ملی ۔فاتح طالبات کو شیلڈ دی گئیں جبکہ دوسری شرکاء کو اسناد دی گئیں اور یوں ہمارا بین المدارس مباحثہ اپنے اختتام کو پہنچا۔

(بریعہ عبید:جماعت دہم)

لہو میں ڈوبا فلسطین

وہ سرزمین جہاں مسجداقصیٰ یعنی مسلمانوں کاقبلۂ اول موجود ہے۔

قبلۂ اول جہاں رحمۃ للعالمین نے انبیاء کی امامت کروائی ۔وہ سرزمین جس پر بے شمار انبیاء آئے اورجیسے انبیاء کی سرزمین کہا گیا۔ وہ سرزمین جیسے حضرت عمرؓ نے فتح کیا اور جسے صلاح الدین ایوبی نےحطین کے مقام پرانتھک کوششوں کے بعد حاصل کیا ۔ آج یہ سرزمیں اپنے خون سے ایک نئی اور عظیم داستان رقم کر رہی ہے اور افسوس کے امت مسلمہ آج ان حالات میں کوئی عملی کرداراداکرتی نظر نہیں آرہی۔

فلسطینی مسلمان بہن بھائی 6 ماہ سے زائد عرصہ سے جس ظلم اور بربریت کا شکار ہیں اس نے ساری دنیا کو اسرائیل کے ناپاک اور ظالمانہ عزائم سےآگاہ کردیاہے ۔ہمارے وہ مسلمان بہن بھائی بھوک پیاس کی حالت میں بھی ایک جذبے اور مقصد پر جمع ہوئے ہیں۔انہوں نے بھوک اور پیاس کی حالت میں بھی کوئی شکوہ نہ کیا۔آج ہمیں اپنے مسلمان بہن بھائیوں کی آواز کا ساتھ دینا اور اس مشکل وقت میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہونا ہے۔چالیس ہزار سے زائدمظلوم فلسطینی آج اپنی جان ،جان آفریں کے سپرد کرچکے ہیں ۔ کس لیے؟اس لیے کہ وہ مسلمان ہیں ایک اللہ پر ایمان رکھتے ہیں ۔ اپنے ساتھ ہونے والے ظلم کا جواب دیتے ہیں ۔ آج جب ان کے گھر کھنڈر بنادیےگئے ہیں۔ ان میں سے کچھ اپنے والدین اپنے بہن بھائیوں اور اپنے قریبی رشتہ داروں سب سے محروم ہیں ۔مگر وہ فلسطینی مجاہد اپنے دین ،ایمان اور وطن سے بڑھ کر کسی کو ترجیح نہیں دیتے ۔ ان کے پاس نہ ہماری طرح تعلیم کے وسائل ہیں مگر پھر بھی وہ ہم سے کئی درجے آگے ہیں کیوں کہ آج انہوں نے آخرت کو اپنی دنیا پر ترجیح دی ہے ۔ آج ہمیں اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہونا چاہیے کیوں کہ بیت المقدس کی حفاظت ہم پر فرض بھی ہے اور قرض بھی ۔جزاک اللہ

(مریم خان :جماعت ہفتم ب)

ہم نے عید کیسے منائی؟

رمضان المبارک بابرکت مہینہ ہے اس میں ہم سب روزے رکھتے ہیں اور انعام کے طور پر عید الفطر مناتے ہیں۔ ماہ رمضان کے بعد شوال کی پہلی تاریخ کو عید الفطر منائی جاتی ہے۔ بڑوں سے زیادہ ہم بچوں کو عید الفطر کا انتظار ہوتا ہے کیونکہ ہمیں عیدی جو ملتی ہے ۔

چلیں میں آپ کو بتاتی ہوں کہ میں نے عید کیسے منائی؟

رات کو ہی مما ہم سب کے کپڑے چوڑیاں اور جیولری تیار کر کے رکھ دیتی ہیں اس بار بھی ایسا ہی ہوا۔ پھراپنے کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو مما نے میرے ہاتھوں پر مہندی لگائی اس کے بعد ہم سو گئے۔ عید والے دن صبح صبح بابا نے ہمیں اٹھایا۔ ہم سب نے فجر کی نماز ادا کی۔ اس کے بعد جلدی سے نہا دھو کر تیار ہونے لگے۔ بابا اور بھائی عید کی نماز پڑھنے چلے گئے۔ جیسے ہی بابا گھر آئے تو میں ان کے ساتھ اپنی پھوپو کے گھر چلی گئی تاکہ ان سے اپنی عیدی لے سکوں ۔ پھر ہم گھر واپس آئے تو ناشتا تیار تھا۔ عید کی صبح میرے ماموں مامی، بھائی اور بھابیاں سب ہمارے گھر ناشتہ کرتے ہیں اس لئےناشتے میں مما نے بہت مزے مزے کی چیزیں بنائی تھیں جس میں مجھے سب سے مزے کی چیز شیر خورمہ لگتا ہے۔ سب نے ناشتہ کیا مما نے سب کو عیدی دی اور سب اپنے گھر چلے گئے۔ مہمانوں کے جانے کے بعد میں اور میرے بھائی شیر خورمہ کا پورا پیالہ کھا گئے۔ امی نے دیکھا تو مجھے ایک بڑے مزے کا شعر سنایا ۔

عید آئی ہے بڑی دھوم دھام سے
زنیرہ اچھل رہی ہے سوئیوں کے نام سے

یہ سن کر ہم بہن بھائی بہت ہنسے۔ مما نے بتایا کہ ان کے زمانے میں تو اس سے بھی زیادہ مزے مزے کے شعر کہے جاتے تھے۔ مما نے ایک شعر اور سنایا جو انہوں نے عید کارڈ پر اپنی دوست کو لکھ کر دیا تھا

آنکھیں مٹر ، گال ٹماٹر انگلیاں بھنڈی
لگتی ہے میری دوست جیسے سبزی منڈی

مما کے مزے مزے کے شعر سن کر ہم سب بہن بھائی ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو گئے۔ ساتھ ساتھ ہی ہم نے گھر سمیٹنے میں مما کی مدد کی۔ ظہر کی نماز پڑھ کر ہم نے تھوڑی دیر کے لیے آرام کیا۔ شام کو پھر کچھ مہمان ہمارے گھر آئے اس کے بعد ہم تیار ہو کر اپنے ماموں کے گھر چلے گئے۔ عید کے پہلے دن ہمارے ماموں کے گھر ہماری دعوت ہوتی ہے وہاں بھی سب کزنز نے مل کر بہت ہلہ گلہ کیا۔ سب سے عیدی لی۔ مزیدار کھانا کھایا اور تھک ہار کر گھر واپس آگئے لیکن سونے سے پہلے مما نے یاد دلایا کہ اس بار عیدی ""مماز بینک"" میں جمع نہیں ہوگی بلکہ اس بار ہمارا پلان کچھ اور تھا، اس لیے ہم نے اپنی عیدی گن کر اس کے تین حصے کئے۔ ایک حصہ اپنا، ایک مما کا اور ایک حصہ اللہ تعالی کا جو اگلے دن ہم بابا کے ساتھ فلسطین فنڈ میں دے کر آئے تاکہ ہمارے فلسطینی بہن بھائیوں کی مدد میں ہم اپنا حصہ بھی ڈال سکیں۔ دوستوں! کیا آپ نے بھی اپنی عیدی کے تین حصے کیے؟

(زنیرہ احمد۔ جماعت: پنجم)

عشرہ اقبال

سابقہ روایت کے مطابق عثمان پبلک اسکول شاخ سوم میں ماہ نومبر کو عشرہ اقبال کے طور پر منایا گیا۔ عشرہ اقبال منانے کا مقصد طالبات میں علامہ اقبال کی شاعری کا شعور پیدا کرنا کہ کس طرح اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے امت مسلمہ کو سنہرے ماضی سے روشناس کرایا۔ایک اور وجہ یہ بھی ہے کہ اس پر فتن دور میں طالبات میں اقبال کی شاعری سے لگاؤ پیدا کرنا،خودی کی قوت کو پہچاننا اور باہمی یکجہتی کا جذبہ پروان چڑھانا ہے تاکہ وہ آنے والے حالات میں دنیاوی و اخروی کامیابیوں کی راہ متعین کر سکیں۔

ہمارے اسکول میں اس حوالے سے ہر جماعت کی منتخب طالبات کے مابین بیت بازی، تقاریر، ٹیبلو، اور تحت اللفظ منظومات کے مقابلے منعقد کیے جاتے ہیں۔ عشرہ اقبال منانے کا مقصد بچوں کو یہ بات ذہن نشین کروانا ہے کہ ہمارے اسلاف کی قربانیاں اور شہداء کے خون کی قیمت ادا کرکے اس ملک کو حاصل کرنے کے بعد یہاں اسلام کا پرچم ہمیشہ سرخرو رکھنا ہے ۔

معمار حرم باز بہ تعمیر جہاں خیز
ازخواب گراں، خواب گراں، خواب گراں خیز

(مسفرہ عدنان۔ جماعت دہم)

صورتِ کُہسار میری عظیم امی جی

عائشہ لاڈو جی! مجھے نیچے سے دودھ لا دیں۔یہ پیار بھری آواز میری نانی امی مرحومہ کی تھی۔ جنھیں ہمیشہ یہ فکر ہوتی تھی کہ میں نو بجے نیچے سے پہلے دودھ لے آؤں ۔ میری نانی امی جنھیں ہم امی جی کہتے ہیں اپنے پیار بھرے ہاتھوں سے اس قدر محبت اور شفقت سے مجھے دودھ کا گلاس پلاتی تھیں کہ اس کی لذت دوبالا ہو جاتی تھی ہر کھانا اتنی محبت اور اپنائیت سے بناتیں پھر اسی خوش اسلوبی سے دسترخوان پر کھانا چنتیں اور اسی لگن سے نوالے بنا کر مجھے کھلاتیں۔ان کے ہاتھوں کی نرمی آج بھی میں محسوس کرتی ہوں ۔

وہ ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہنے والی درویش صفت خاتون تھیں وہ عبادات اور گھر کے کام کاج میں بہترین توازن رکھتیں۔ ان کے مطابق انہیں دنیا اور آخرت دونوں میں بھلائی چاہیے۔ وہ مجھے نماز پڑھنے کی تلقین کرتیں اور مجھے اپنے ساتھ نماز پڑھواتیں۔ ضعیف ہونے کے باعث زینہ نہیں اتر سکتی تھیں تو اس لیے گھر میں ہی نماز تراویح کا اہتمام کرتیں اور مجھے بھی شامل نماز کرتیں ۔ رمضان المبارک ان کے ساتھ ہمیشہ سے ہی نہایت بہترین طریقے سے گزرتا۔نماز تراویح کے دوران میں جب سجدے میں جاتی تو پیر پسار کے لیٹ جاتی ایک بار جب میں دوران نماز سو گئی تو اس طرح انہیں پتہ چلا۔وہ خوب ہنسیں اور مجھے سمجھایا کہ نماز کا ادب ہوتا ہے اور اس کا احترام کرنا چاہیے۔وہ پیار سے اور کھیل کھیل میں ہی ہماری تربیت بھی کرتی رہتیں۔ لذیذ افطاری جس کا وہ خوب دل سے اہتمام کرتیں، اس کو پڑوسیوں میں تقسیم کرواتیں۔

وہ ایک پڑھی لکھی اور ذہین فطین اور ایک با ذوق خاتون تھیں ۔وہ اپنی ذات میں انجمن تھیں۔ انہیں تاریخ سے دلی لگاؤ تھا۔ انہوں نے تقسیم ہند سے پہلے کا پرسکون دور بھی دیکھا اور تقسیم ہند کے بعد کے دل دہلانے والے مناظر بھی دیکھے ۔ انہوں نے ہندوستان سے ہجرت کر کے آنے والے پناہ گزین، اور لٹے پٹے مسلمان بھی دیکھے۔انہوں نے اس مملکت خداداد کو معرض وجود میں آتے دیکھا۔ وہ کہتی تھیں کہ انہیں اس سرزمین سے ہمیشہ سے محبت رہی ہے وہ ایک سچی کھری اور راست گو شخصیت تھیں ۔ اصول پرست اتنی کہ اپنے اصولوں پر ڈٹ جاتیں اور کسی کی پرواہ نہ کرتیں۔

میری عظیم امی جی نے اس وقت ایم اے کی تعلیم حاصل کی جب تعلیم کا رواج نہیں تھا۔انہوں نے بی ایڈ بھی کیا اور اس دور میں گریڈ 18 کی معلمہ تعینات ہوئیں۔اور بہت سے طلبہ کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا۔ انہوں نے بہت سے دور دیکھے۔ انہوں نے وہ وقت بھی دیکھا جب طاعون کی وبانے بستیوں کی بستیاں اجاڑ دیں۔انہوں نے وہ وقت بھی دیکھا جب اسلامی تعلیمات ہونے کے باوجود بھی لوگ جاہل تھے ۔ انہوں نے وہ دور بھی دیکھا جب دلوں میں کدورتیں نہیں تھیں اور جب سب ایک دوسرے کے ساتھ ان کے دکھ درد میں شریک ہوتے تھے اور ہر موقع پہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہوتے تھے۔

وہ ہمیں مختلف کہانیاں بھی سنایا کرتی تھیں اور اپنے حج اور عمرے کی روداد بہت عقیدت اور احترام سے سنایا کرتی تھیں ۔ علم کا بیش بہا خزانہ اور معلومات کا ذخیرہ لیے یہ عظیم ہستی جو میرے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتی تھیں دس مئی 2018 کو مالک حقیقی سے جا ملیں۔

(عائشہ طارق: یاز دہم ب)

Dear Students!

Assalam o Alaikum

All the praise and thanks to Allah, the Most Merciful & Beneficent, Who has bestowed upon us multiple skills and opportunities to convey His message to every nook and corner of the world. The first word revealed for this Ummah as the first commandment or instruction from Almighty Allah in the Holy Quran on which the success in the world and the hereafter depends, is "Iqra" (read).
In this era of controversies and confusion when the Muslim Ummah is being persecuted by conspiracies of the enemy, particularly looking at the pathetic and pitiable condition of the Muslims in Palestine, it's our top most responsibility to strive hard for the implementation and execution of Islamic code of conduct, initially in our country and then throughout the world. The only solution to save people from the persecution of people is to entrust the pious people with authority and power. Thus, the path to salvation for the entire world is to follow and implement the system of life directed by our Beloved Creator.

In order to fulfill this essential and great responsibility, it's part and parcel to enhance and develop our skills so that we can easily cope up with the challenges of modern times. As being Usmanians, your endeavour in this regard is commendable. Undoubtedly, the pen is one of the powerful tool and the future of the nation and Ummah entirely depends upon the hard working students like you. May Allah SWT protect you and bless you. Ameen
Wassalam
Regards
Principals Campus 3

My Pet

I have a pet
It is very cute
It is a cat
Her name is Flute.
It is very sweet
It jumps at me
It looks so sweet.
Once it was injured
I helped her
Because it is my cat.

By Kashia Afroz from Class IV-B

Blackout

In the dark, everything's broken,
The wind blows, words unspoken.
People shout, feeling the pain,
Oh Allah, save us from the dreaded rain.
Forgive us, we made mistakes,
Scary scenes, my heart aches.
Just forgive us one more time,
Slow down the wind, make it fine.
Oh Allah, protect us, let's begin,
For the kids, let hope and kindness win.

By Syeda Maria Fatima from Class VI-A

Our Hero

Our hero is Prophet Muhammad (S.A.W.), the last messenger of Allah (S.W.T). Allah revealed the Quran to him through Hazrat Jibrael. He was known for always smiling. He was truthful (Sadiq) and trustworthy (Ameen). His kindness was for the entire world. He was a great leader of the Ummah. We follow his Sunnah to learn from his life.

By Umm-e-Hani and Ayesha Salar of Class IV-A

Usmanian Leadership Camp 2022

A leadership camp was organized by our school management on December 16th and 17th, 2023. The camp welcomed students from grades IX and XI across several campuses of the Usman Public School System, proving to be an informative and engaging experience.

The day commenced with registration, and students settled into their assigned rooms. Subsequently, all students gathered in a large hall for the program, which began with recitations and Naat, followed by an inaugural speech by Ms. Farhana Aslam. She shed light on objectives of life and leadership qualities, delivering a motivational address.

Students were then divided into "Usras," each selecting a leader. Campus 6 students performed an exciting Tarana before Ms. Amna Usman had delivered a thematic speech on the principles of leading a successful life. Following a short tea break with delicious snacks, students returned to the hall after resting in their rooms.

Ms. Lubaina engaged the students in an activity focused on envisioning their future lives by filling out a form. After Zuhr prayer and lunch, students reconvened in the hall. Various programs were conducted, including a session on AI techniques called "Tech Tactica." A captivating play depicting glimpses of Palestine's history ensued until after Maghrib.

Post-Maghrib prayers, a declamation was held, presenting speeches by Abu Ubaidah, the Turkish president, among others. Ms. Ayesha Anas discussed the journey to the cave in the light of Surah Al Kahf. A journalist explained the situation in Palestine with videos and photos. The day concluded with a campfire, peanuts, and "Bait-Bazi."

The following morning commenced with a Quranic session and breakfast, followed by the highlight of the day: archery practice. After exercises and refreshments, students reconvened in the hall for an exhilarating debate. The day concluded with a closing speech, result announcements, an oath-taking ceremony, and a speech by Hafiz Naeem ur Rehman.

Overall, the Leadership Camp proved wonderful and inspiring, enabling students to learn new things. Students benefited greatly from the experience and thoroughly enjoyed it.

By: Uffaira Imran XI-B

The Day of Outdoor Bliss

"College life, often considered mundane, unfolds as an exhilarating journey for me, akin to playing games. Embracing the traditions of Usman Public Higher Secondary School, our college organized a delightful picnic. September 27 dawned with refreshing zephyrs kissing our faces, infusing a cool sensation through our veins. What a day it was!

The excitement mounted as we embarked on our journey to Ideal Farmhouse around 9:00 AM. Chants and melodies reverberated throughout our trip, filling the air with joy. Amidst the merriment, one of our group members was even caught engrossed in a novel – a surprising sight!

Stepping into the farmhouse, the scenic landscapes transformed into bustling hubs of joyous gatherings. Laughter and chatter filled the air as blankets were spread, and an array of delectable treats exchanged hands. Students eagerly plunged into various activities, from leisurely walks and swimming to engaging in friendly banter with teachers, all while swinging and playing.

Recreation knew no bounds as students dived into activities ranging from Frisbee and badminton to engaging storytelling sessions. The heartbeat of the picnic was the swimming sessions; pool slides, splashes, and spirited water play filled the afternoon until exhaustion set in.

Post-afternoon prayers, a delicious lunch awaited us, with separate rows arranged for both classes. Savoring our meals, we relished the camaraderie. Our college staff fostered an inclusive environment, ensuring both teachers and students reveled in the festivities.

As twilight descended, the echoes of joy lingered, leaving an indelible mark on all attendees. The picnic wasn't merely a day of leisure; it bound us together, fostering unity and celebrating the spirit of summer."

By Eshaal Zehrah XII-A

Grand Athletic Gala

The anticipation in the air was palpable as students eagerly awaited the commencement of the sports day events. Madam Nuzhat's formal permission marked the official inauguration of the much-awaited program. The recitation of the Holy Quran and soulful Naat performances set a spiritually uplifting tone.

Miss Madiha seamlessly assumed the role of host, guiding the audience through the latter part of the event. Cheers and applause echoed as Miss Mahwish directed the spirited students to their respective tracks. The hurdle race challenged participants to showcase agility and speed, creating moments of sheer excitement. Laughter and

cheers filled the air during the sack race, adding a touch of lighthearted fun to the day. The rally race brought a burst of energy as students demonstrated coordination and teamwork. Colorful balloons adorned the racecourse during the balloon race, adding a festive flair to the competition. Tug-of-war battles unfolded with determined faces and strained muscles, symbolizing the strength of unity.

The throwball competitions intensified the competitive spirit, showcasing the students' precision and skill. Badminton matches between Grades 9 to 12 unfolded with swift racquet movements and strategic plays.

As a fitting conclusion, medals were awarded to the winners, recognizing their achievements in categories such as bronze, silver, and gold. The Annual Sports Day not only promoted physical fitness but also highlighted the dedication and teamwork of the participating students, creating lasting memories of a day filled with sportsmanship and camaraderie.

By Sana XII-B

Pakistan Independence Day

Our beloved homeland, Pakistan, emerged on the map as a separate country on August 14, 1947. To revive the memories and sacrifices of our ancestors for the formation of Pakistan, Independence Day is celebrated on August 14 every year all around the world, wherever Pakistanis live, especially in every nook and corner of Pakistan. Like every year, this year, an event for the celebration of Pakistan Independence Day commenced in Usman Public School Campus 3 on August 14, 2023.

The hard work for its preparation could be recognized by the splendidly decorated assembly hall. Balloons that depicted Pakistan's symbol (a crescent and a star) were hung from the roof. Additionally, numerous green and white balloons covered the walls, adding to the charisma of the assembly hall. The stage was also set up with a green and white beautiful background.

The event officially began at 9 o'clock with the heart-melting recitation of the Holy Quran. The recitation was followed by a euphonious Naat. Next, students spoke about the eventful struggles for the freedom of Pakistan as well as the reasons that led to the struggle for independence and the ways we, as students, can serve our country. In between these speeches, several students sang evocative and awakening Taranas in their melodious voices. To energize the audience during the program, short quizzes were held about information about Pakistan in which badges and candies were awarded to the ones who answered correctly. The audience actively participated in singing the taranas along with the participants of the program, making the program livelier and lovelier.

Finally, the event ended at 11 o'clock with a dua. This was one of the most engaging events held in our school this year.

By Rameen Hassan XII-A

Students' Week 2023

I believe that to survive in this competitive global economy, it is important for an individual to widen their perspective and delve into numerous skills, even those that don't quite align with their decided career path. It is no hidden fact that most people in our society have a limited understanding of financial management and strategic decision-making, which is why many are left behind, unable to identify and benefit from the incredibly vast array of opportunities right in front of them.

Developing crucial skills to excel in the world of business is no easy task, but when I heard that our campus is offering a head

